# 17-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندرمودی نے فرانس میں قابل تجدید ترقی سے متعلق جی 7 کے اہم ورکنگ سیشن میں شرکت کی ہے۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اروتلا میں تلنگانہ پبلک اسکول کا افتتاح کیا اوراعلان کیا کہ ہر اسمبلی حلقہ میں اس طرح کے اسکول قائم کیئے جائیں گے۔

۳۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کوآپریٹیوسوسائٹیوں پر زور دیا ہے کہ پی ایم کسوم اسکیم کے تحت سولار پلانٹس لگائیں۔

اور

۴۔ریاستی وزیراتم کمار ریڈی نے 26 جون سے رعیّتو بھروسہ فنڈ جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔

G7- SUMMIT

وزیراعظم نریندرمودی، فرانس کے علاقہ ایویان میں جاری جی 7 اجلاس میں اہم ورکنگ سیشن میں شرکت کررہے ہیں جس کا موضوع سب کیلئے متوازن اور قابل تجدید اقتصادی ترقی کوفروغ دینا ہے۔اس اعلیٰ سطحی اجلاس میں جی 7 کے رکن ممالک، رفیق ممالک اور عالمی مالیاتی فنڈ کے اہم نمائندے شریک ہیں۔سب کی توجہ وزیراعظم کی امریکی صدرڈونالڈٹرمپ کے ساتھ ہونے والی باہمی ملاقات پر ہے جوآج شام مقرر ہے۔دونوں لیڈرس نے پچھلی مرتبہ فروری 2025ء میں واشنگٹن میں ملاقات کی تھی۔آج کے پروگرام کے دوران توقع ہے کہ مودی اورٹرمپ مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کومزید گہرا کرنے کیلئے مختلف موضوعات پر بات چیت کریں گے۔اس

کے علاوہ مودی ورکنگ لنچ میں بھی شرکت کریں گے۔ یہ میٹنگ جی 7 کے رکن ممالک، پارٹنرس اور تمام سرکردہ اے آئی کمپنیوں کے سی ای اوز کو ایک دوسرے سے قریب لائے گی۔علاوہ ازیں وزیر اعظم، یوروپی کمیشن کی صدر اُرسولا وانڈر لین، کے علاوہ جرمن چانسلر فریڈ ریک مرز کے ساتھ بھی باہمی ملاقات کریں گے۔

NSD

FALSE NEWS

محکمہ ریلویز نے وضاحت کی ہے کہ پاٹلی پترا اسٹیشن پر ٹرین میں سوار ایک طالب علم کی موت سے متعلق میڈیا میں آئی اطلاعات جھوٹی ہیں۔انڈین ریلویز نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ ویڈیو میں جس شخص کو بتایا گیا ہے اس کی طبی حالت صحیح نہیں تھی یا پھر وہ تھکا ہوا تھا۔محکمہ کے مطابق اس سلسلہ میں سارے ریکارڈس کی جانچ کی گئی ہے جبکہ پاٹلی پترا اسٹیشن پر اس طرح کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔

NSD

ACCIDENT

گجرات کے شہر وڈودرا میں ٹرک اور ایک خانگی بس کے درمیان ہوئے حادثہ میں 6 افراد بشمول 9 سالہ ایک بچہ ہلاک ہوگئے۔27 دیگر افراد زخمی ہوگئے جنہیں وڈودرا کے ایس ایس جی ہاسپٹل میں شریک کرایا گیا ہے۔ یہ حادثہ آج صبح تقریباً 4 بجے کومی اسٹیڈیم کے قریب اس وقت رونما ہوا جب بانسواڑہ سے سورت جانے والی بس سڑک پر کھڑے ٹرک سے ٹکرا گئی۔اطلاع ملتے ہی ایس ڈی آر ایف، این ڈی آر ایف، پولیس اور مقامی محکمہ فائر انجن کا عملہ مقام واقعہ پہنچ گیا اور زخمیوں کی مدد کی۔

NSD

PREZ- VIST

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے مدھیہ پردیش کا 5 روزہ دورہ شروع کریں گی۔ وہ اندور پہنچیں گی اور وہاں سے بیتول کیلئے روانہ ہوں گی جہاں برہما کماریوں کی جانب سے منعقد ہونے والے پروگرام میں شرکت کریں گی۔ بعدازاں وہ اومکاشیور مندر جائیں گی۔ 19 جون کو صدر جمہوریہ انیمیا کے عالمی دن کے موقع پر ایک پروگرام میں شرکت کے بعد مغربی بنگال کے شہر کلائیکونڈا روانہ ہوجائیں گی۔ وہ پھر 20 جون کو مدھیہ پردیش لوٹیں گی اور شام کے وقت جبل پور پہنچیں گی۔ دروپدی مرمو 21 جون کو جبل پور میں عالمی یوم یوگا پروگرام میں شرکت کریں گی اور رانی درگاوتی یونیورسٹی کے 36 ویں کانوکیشن میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوں گی۔ صدر جمہوریہ 22 جون کو دہلی واپس ہوں گی۔

NSD

CM- SCHOOL

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اروتولا میں تلنگانہ پبلک اسکول کا افتتاح کیا اور اعلان کیا کہ حکومت کا منصوبہ ہے کہ ریاست کے ہر اسمبلی حلقہ میں اس طرح کے ادارے قائم کئے جائیں گے تاکہ معیاری تعلیم اور اسپورٹس کی ٹریننگ فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ریاست کا مستقبل کلاس رومس میں ہے جبکہ انہوں نے اروتولا اسکول کی زبردست مانگ کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس میں پہلے ہی ایک ہزار 814 طلبہ داخلہ لے چکے ہیں۔ سی ایم نے اس موقع پر اپنے سیاسی حریفوں سے کہا کہ حکومت کی تعلیمی اصلاحات کا جائزہ لیں جن میں ینگ انڈیا جیسے اقدامات بھی شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اسپورٹس کی تہنیت پر زور دیتے ہوئے حالیہ کامیاب فٹ بال ٹورنمنٹ کو یاد کیا جس میں سرکردہ کھلاڑی لیونل میسی نے حصہ لیا تھا۔

PTC - HYD

AZHARUDDIN

گاندھی بھون میں منعقدہ عوامی شکایاتی پروگرام کے بعد ریاست کے وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین نے آج اندرا بھون میں میڈیا سے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت غریبوں کیلئے خود کو وقف کی ہوئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اضلاع کے کلکٹرس کے ساتھ تال میل کے ذریعہ 200 سے زائد درخواستوں کی یکسوئی کی اور 50 شکایتوں کا فوری ازالہ کیا۔اظہر الدین نے وزیر اعلیٰ کے ترقی سے متعلق اقدامات کا دفاع کرتے ہوئے اپوزیشن، بی آر ایس پارٹی کی جانب سے ٹنڈرس میں رشوت کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔

Desk

HARISH

سابق وزیر و بی آر ایس کے ڈپٹی فلور لیڈر ہریش راؤ نے حسن آباد میں پارٹی کی رکنیت سازی مہم اور ایس آئی آر بیداری پروگرام میں شرکت کی۔انہوں نے پارٹی کیڈر پر زور دیا کہ گھر گھر جانچ کے مرحلہ کے دوران چوکس رہیں۔راؤ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بی آر ایس کے کوئی بھی اہل ووٹر کا نام ووٹر لسٹ سے خارج نہ ہونے پائے۔

Desk

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے پالیر میں منعقدہ پارٹی میٹنگ کے دوران کانگریس حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور وزیر ریونیو سرینواس ریڈی پر الزام عائد کیا کہ وہ رشوت میں ملوث ہیں۔راؤ نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ سرینواس ریڈی نے غیر قانونی کانکنی،

زمینات کے مسائل کی یکسوئی اور ریت مافیا کے ذریعہ بڑے پیمانہ پر دولت کمائی ہے۔ کے ٹی آر نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ وزیر نے بی جے پی کے ساتھ خفیہ مفاہمت کر رکھی ہے۔ مکانات کی فراہمی سے متعلق وعدوں میں ناکام ہونے کا الزام عائد کرتے ہوئے کے ٹی آر نے انتباہ دیا کہ اراضیات کے ٹیکس پر نظر ثانی کرنے سے کسانوں پر شدید بوجھ پڑے گا۔

Desk

WATER PLANT

سرکاری وہپ وڈورنکل کے ایم ایل اے رام چندر نائک نے ضلع محبوب آباد کے ڈورنکل بلدیہ میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے نئے واٹر پلانٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوامی صحت کیلئے پینے کا صاف پانی ضروری ہے جبکہ حکومت معیاری پانی کی سربراہی کیلئے پر عزم ہے۔

Stringer / MBBD

KADYAM

اسٹیشن گھن پور کے ایم ایل اے کڈیم سری ہری نے ضلع جنگاؤں کے موضع نرسنگاراؤ پلی میں نو تعمیر شدہ سرکاری پرائمری اسکولس اور پری پرائمری اسکول کا افتتاح کیا۔ پرائمری اسکول 14 سال سے بند تھا۔ سری ہری نے طلبہ میں نصابی کتابیں تقسیم کیں اور یقین دلایا کہ ان کے حلقہ میں ٹیچرس یا بنیادی سہولتوں کی کمی کے سبب کوئی بھی اسکول بند نہیں ہوگا۔ اس سے پہلے ایم ایل اے نے اندراماں مکانات کا بھی افتتاح کیا۔

PTC - JGN

MALLU RAVI

ایم پی ملوروی نے آج نئی دہلی میں صنعتوں سے متعلق پارلیمانی اسٹانڈنگ کمیٹی کی میٹنگ میں شرکت کی۔پینل نے روایتی اور ایم ایس ایم ای شعبوں کی مدد کیلئے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔اس کے علاوہ ایم ایس ایم ای کے سکریٹری اور دیگر حصہ داروں کے ساتھ مزید ٹھوس اقدامات کئے جانے کا بھی جائزہ لیا۔

Desk

SEETHAKKA

ریاستی وزیرانوسویا سیتااکا نے ضلع کلکٹر ہیمنت سہادیورائے کے ہمراہ قبائلی اکثریتی والے ضلع ملگو میں انفوٹیک پرائیوٹ لمیٹڈ کا افتتاح کیا جواس علاقہ کی پہلی خانگی آئی ٹی کمپنی ہے۔سیتااکا نے ٹکنالوجی کے شعبہ کی اہمیت کواجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے دیہی نوجوانوں کوبھی مساوی مواقع ملیں گے۔ان کے مطابق مقامی نوجوانوں کوایپ ڈیولپمنٹ اور دیگر شعبوں میں عصری مہارت حاصل کرنی چاہیئے تا کہ انہیں ملازمت کے موقع مل سکیں۔

Desk

RAMCHANDAR RAO

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندرراؤ نے مرکزی وزیر کشن ریڈی اور مرکزی حکومت کے تعلق سے سرکاری پروگراموں کے ضمن میں جھوٹی خبریں پھیلانے پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کوتنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے ریونت ریڈی کی جانب سے حال ہی میں کشن ریڈی کوروانہ کردہ ایک خط کے تعلق سے کہا کہ یہ ایک سیاسی ڈرامہ ہے تا کہ ناکام حکمرانی کے تعلق سے توجہ ہٹائی جاسکے۔انہوں نے یہ بات نوٹ کی کہ ریونت ریڈی سابق میں کئی مرتبہ مرکزی وزرائے سے ملاقات کرچکے

ہیں۔انہوں نے حیدرآباد میٹرو کے دوسرے مرحلہ کے پروجیکٹ میں تاخیر کیلئے ریاستی حکومت کو ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ضروری تکنیکی اور مالی رپورٹس پیش کرنے میں ناکام رہی۔

PTC - HYD

RYTHU BHAROSA

تلنگانہ کے وزیر اتم کمار ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ حکومت کی جانب سے 26 جون سے خریف سیزن کیلئے رعیّتو بھروسہ فنڈس کی اجرائی شروع ہوگی۔سکریٹریٹ میں انہوں نے کہا کہ ایک جامع منصوبہ تیار کیا جارہا ہے تاکہ آنے والے سیزن کیلئے زراعت کے انتخاب کے تعلق سے کسانوں کی رہنمائی کی جاسکے۔انہوں نے بتایا کہ حکومت مفت میں بیج سربراہ کرنے کی خواہاں ہیں جبکہ انتظامیہ مانسون کیلئے محکمہ زراعت کو تیار کررہا ہے۔ ریاست بھر میں مختلف آبپاشی پروجکٹس کیلئے 150 کروڑ روپے مختص کئے جارہے ہیں۔

Desk

BANDI SANJAY:

مملکتی وزیر برائے داخلی امور بنڈی سنجے کمار نے کوآپریٹیو سوسائٹیوں اور انفرادی افراد پر زور دیا ہے کہ پی ایم کسوم اسکیم کے تحت سولار پلانٹس نصب کریں تاکہ قابل لحاظ آمدنی ہوسکے۔ چوپادنڈی میں نئے نصب کردہ ایک میگاواٹ والے سولار پلانٹ کا دورہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس طرح کے پلانٹس سے سالانہ 50 لاکھ روپے تک آمدنی ہوسکتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ نبارڈ کی جانب سے 80 فیصد تک سبسیڈی دی جارہی ہے جبکہ پابندی سے اقساط ادا کرنے والی کوآپریٹیو سوسائٹیوں کیلئے صرف ایک فیصد انٹرسٹ نافذ ہے۔

PTC - KMN

OO